© rasailojaraid.com


# ضروری اعلان

ایک مدت سے ترجمان القرآن کی اشاعت مسلسل تاخیر کے ساتھ ہوتی رہی ہے جس پر ناظرین کے ساتھ میں بھی بڑی تشویش محسوس کر رہا تھا۔ اب پوری کوشش کر کے ہم رسالے کی اشاعت کو وقت پر لے آتے ہیں اور اللہ کے فضل سے توقع ہے کہ آئندہ یہ پرچہ ہر انگریزی مہینے کی پہلی سے ۵ تاریخ تک شائع ہو جایا کرے گا۔

ترجمان کی طباعت بھی اس وقت تک کچھ زیادہ قابلِ اطمینان نہیں رہی ہے۔ اب ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ نومبر ۱۹۶۳ء سے یہ پرچہ آفسٹ پر طبع ہو گا، اور اس کی ضخامت میں بھی ۸ صفحات کا اضافہ کر دیا جائے گا۔

اس نئے انتظام کی وجہ سے مصارف میں جو اضافہ ہو گا اس کو پورا کرنے کے لیے ہم سالانہ قیمت میں ایک روپے کا، اور فی پرچہ قیمت میں دو آنے کا اضافہ کر رہے ہیں۔ اب تمام خریداروں کو سالانہ ۷ روپے اور متفرق خریداروں کو ایک پرچے کے لیے ۷۵ پیسے یا ۱۲ آنے ادا کرنے ہوں گے۔

مجھے امید ہے کہ ترجمان القرآن کے خریدار اس اضافے کو بخوشی قبول فرمائیں گے۔

ابوالاعلیٰ

© rasailojaraid.com